وإنا إليه راجعون ۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں ان لوگوں میں سے کردے جو روز قیامت حالت احرام میں ''لبیک اللهم لبیک'' پکارتے ہوئے اٹھیں گے ۔ مرحوم نے ورثاء میں خالد بشیر، اشفاق بشیر، سہیل بشیر سمیت پانچ لڑکے اور تین لڑکیاں سوگوار چھوڑی ہیں ۔

عبدالوحید بھٹی صاحب اور عمران صادق کو صدمہ

عبدالوحید بھٹی صاحب (ریونیو آفیسر راولپنڈی) کی والدہ محترمہ اور عمران صادق صاحب کی آنٹی مورخہ 26 جنوری کو قضاء الہی سے وفات پا گئیں ۔ إنا لله وإنا إليه راجعون ۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مجاہد آباد نزد اوور ہیڈ برج حافظ احمد شفیق صاحب نے پڑھائی ۔

شیخ محمد جاوید (صائمہ کلاتھ سنٹر) کو صدمہ

مرکزی انجمن تاجران جہلم کے نائب صدر اور صدر کلاتھ مرچنٹس شیخ محمد جاوید صاحب (صائمہ کلاتھ سنٹر مین بازار جہلم) کی تائی اور محمد صدیق صاحب کی زوجہ مورخہ 2 فروری کو قضائے الہی سے وفات پا گئیں ۔ إنا لله وإنا إليه راجعون ۔

شیخ عبدالغفور اور خالد امین و آصف امین کو صدمہ

شیخ محمد امین مرحوم کے بھائی شیخ عبدالغفور صاحب کی ہمشیرہ اور خالد امین و آصف امین کی پھوپھی مورخہ یکم فروری کو طویل علالت کے بعد انتقال کر گئیں ۔ إنا لله وإنا إليه راجعون ۔

محمود مرزا جہلمی اور خالد بیگ کو صدمہ

محمود مرزا جہلمی کے کزن اور خالد بیگ کے والد محترم حاجی نور محمد مورخہ 3 فروری کو اچانک ہارٹ اٹیک سے وفات پا گئے ۔ إنا لله وإنا إليه راجعون ۔ ان کی نماز جنازہ اگلے روز ان کے آبائی گاؤں دولت پور میں ادا کی گئی ۔ جہلم سے رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کی قیادت میں ایک وفد نے نماز جنازہ میں شرکت کی ۔

ادارہ ''حرمین'' مرکزی جمعیت اہل حدیث اور جامعہ علوم اثریہ مرحوم کے ورثاء سے دلی اظہار تعزیت کرتے ہوئے ان کیلئے صبر جمیل اور مرحومین کی مغفرت تامہ کیلئے دعا گو ہیں ۔